ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (634)

28.11.2023

**بہاول پور( )ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیومہم کے حوالے سے فول پروف سکیورٹی کے انتظامات، تمام شہریوں کے ساتھ ساتھ انسداد پولیومہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز کو بلاخوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی ضلع میں معاشرتی امن اورفول پروف سکیورٹی کے انتظامات کے حوالے سے پنجاب بھر کی طرح بہاول پور ضلع میں بھی انسداد پولیومہم جاری ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر اس حوالے سے سکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر کے سکیورٹی پلان جاری کیا جا چکا ہے، مورخہ 27 نومبر سے 02 دسمبر 2023 تک ضلع بھر میں انسداد پولیومہم کے سلسلہ میں 450 سے زائد پولیس افسران و ملازمان اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز پولیو ورکرز کی سکیورٹی کو باقاعدگی سے چیک کریں، انسداد پولیومہم کے سلسلہ میں پولیو ورکرز جو کہ مفاد عامہ اور ریاستی احکامات کی روشنی میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں، ان کی سکیورٹی اولین ترجیح ہے، یہ ہمارے مستقبل کے معمار بچوں کی صحت کا معاملہ ہے، کیونکہ پولیو کے قطرے نا پینے والے بچے ہمیشہ کے لیے معذوری کا شکار ہو سکتے ہیں، پولیو ورکرز کو بلاخوف وخطر پرامن ماحول مہیا کرنا ہماری ڈیوٹی میں شامل ہے، ڈیوٹی پر مامور جوانوں کو ہمہ وقت الرٹ رکھیں تا کہ ضلع میں امن وامان کی فضا کو برقرار رکھا جا سکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور: ڈی پی اوسید محمد عباس کی ہدایت پر ضلع میں جاری انسداد پولیومہم کے حوالے سے فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات، پولیو ٹیموں کے ہمراہ پولیس کے جوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سے انجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (635)

مورخہ 28.11.2023

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی۔چوری کی مختلف وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ بکرے و دیگر سامان برآمد۔شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی "عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور سید محمد عباس کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی۔ایس ایچ او تھانہ قائم پور محمد احمد چیمہ اور ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے شب و روز کی محنت کے بعد چوری کی متعدد مقدمات میں ملوث 02 ملزمان ارشد اور محسن گرفتار کرلیا۔ملزمان نے دوران انیٹروگیشن قائم پور کے علاوہ دیگر اضلاع میں بھی چوری کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا۔ملزمان کی نشاندہی پر 07 عدد بکرے، پچاس ہزار روپے نقد رقم، کھاد کی بوریاں، سپرے اور چوری شدہ موبائل فون برآمد کرلیا۔ مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کیا جارہا ہے۔اس حوالے سے ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کررہی ہے، اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے۔جرائم پیشہ افراد کو ہرصورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس





بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ قائم پور پولیس کی کامیاب کارروائی۔چوری کی مختلف وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ بکرے و دیگر سامان برآمد